
مورخہ ۲ حفیظ خاں

186

سن شیل پکچرز کا شاہکار



گیت
شیلندر
ہنسراج بہل

اداکاران
بینا رائے ۔ بھارت بھوشن ۔ دینا
الناصر ۔ کے این سنگھ
درگا کھوٹے اور گوپ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

ہیر اسلام کے گانے

گانا نمبر ۱ -

اِک نغمہ عشق تھا کہ جو افسانہ بن گیا۔ ساقی کبھی بنا کبھی مستانہ بن گیا
تجھ سے نظر ملا کے میں کیا کیا نہ بن گیا۔ جو شمع بن گیا کبھی پروانہ بن گیا
جب تجھے نہ بن سکا تو میں دیوانہ بن گیا - دیوانہ بن گیا

دُنیا سے مَیں چھپاتا ہیر تیری داستاں۔ دل میرا راز دار تھا مَیں دل کا راز داں
چھپتا ہے یہ جنونِ محبت مگر کہاں۔ قدموں میں آگئیں جو گریباں کی دھجیاں
گھبرا کے میں بھی ہوش سے بیگانہ بن گیا۔ بیگانہ بن گیا

تجھ کو ہے دل کا ہوش نہ دل کو میری خبر۔ دیوانہ مجھکو کہتے ہیں جاتا ہوں میں جدھر
چرچا ہے میرے عشق کا اب ہر زبان پر۔ شیشوں نے تجھ کو دیکھ لیا تھا بس اِک نظر
اتنی سی بات کا افسانہ بن گیا۔ افسانہ بن گیا ــــ جب کچھ نہ .....

گانا نمبر ۲ - کشور :- حسن کہتے ہیں مجھے نور کا شعلہ ہوں میں طلعت اور
جو کبھی طور پہ چمکا تھا وہ جلوہ ہوں میں

سلیم :- عشق ہے نام میرا عرش پہ منزل میری۔ طور پر ہی نہیں ہر دل میں ہے محفل میری
کشور :- تو کہاں ہوتا اگر حسن نہ پیدا ہوتا۔ میں نہ ہوتا تو بتا کس پہ تو شیدا ہوتا
سلیم :- تجھ پہ قربان نہ ہوتیں جو وفائیں میری۔ رکھی رہ جاتیں زمانے میں ادائیں تیری
کشور :- میں نہ ہوتا تو نہ یہ چاند ستارے ہوتے۔ چاندنی رات نہ رنگین نظارے ہوتے
سلیم :- میں نہ ہوتا تو نہ یہ عشق کے مارے ہوتے۔ کیسے چمکتے حسین چاند ستارے ہوتے
کشور :- چاند کو چاندنی تاروں کو چمک دی میں نے۔ رنگ پھولوں کو تو کلیوں کو چٹک دی میں نے
سلیم :- اشک شبنم کو تو کانٹوں کو کھٹک دی میں نے۔ اور دلِ بلبل عاشق کو کسک دی میں نے

کشور: میں گلستاں ہی گلستاں ہوں بیاباں تو ہے ۔ میں ہوں یک پردہ نشیں چاک گریباں تو ہے
سلیم: حسن کی شان ہے ہم چاک گریبانوں سے ۔ تیری توقیر زمانے میں ہے دیوانوں سے

کشور: کون سی چیز زمانے میں ہے تجھ سے بڑھ کر ۔ شہنشاہوں کے جھکتے ہیں یہ سر قدموں پر
سلیم: سر جھکانے کو تو عاشق کی ادا کہتے ہیں ۔ تجھ کو محبوب مرا مجھ کو خدا کہتے ہیں
کشور: تجھ کو محبوب ترا لوگ بجا کہتے ہیں ۔ دیکھنے والے مگر مجھ کو خدا کہتے ہیں

گانا نمبر ۱: دِل اُن کو دے آئے
اُنہیں آنکھوں میں رکھ لائے ۔ ہائے دِل اُن کو دے آئے
اب نیند کہاں ان راتوں میں ۔ ہر رات کٹے گی باتوں میں ۔ ہم نیندیں کھو آئے
دِل اُن کو دے آئے ۔ ہائے دِل اُن .....
جو چھپ نہ سکے گی چھپانے سے ۔ جو بھڑکے اور بجھانے سے ۔ وہ شعلے دے آئے
دِل اُن کو دے آئے ۔ ہائے دِل اُن .....
نظریں ہیں چاند ستاروں پر ۔ دِل رکھا ہے انگاروں پر ۔ اب چین کہاں آئے
دِل اُن کو دے آئے ۔ ہائے دِل اُن .....
چلتے ہیں کبھی رک جاتے ہیں ۔ ہم سوچ کے پچھتاتے ہیں ۔ کیوں اُن سے مل کے
دِل اُنکو دے آئے ۔ ہائے دِل ..... اُنہیں آنکھوں میں ... ہائے دِل ...

گانا نمبر ۲: آغا: دِل میرا بیقرار کبھی ہے کبھی نہیں
ظالم کو مجھ سے پیار کبھی ہے کبھی نہیں ۔ دِل میرا ...
بھیم: گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے رات دِن
دونوں: تیرا بھی اعتبار کبھی ہے کبھی نہیں ۔ ظالم کو ....
آغا: جا جا کے لوٹ آتا ہوں گھر سے حکیم کے
دونوں: اُلفت کا یہ بخار کبھی ہے کبھی نہیں ۔ ظالم کو ...

آغا:۔ اُٹھتا ہے دل میں درد گھڑی دو گھڑی کے بعد

نسیم:۔ تجھ پہ خدا کی مار کبھی ہے کبھی نہیں ۔ ظالم کو...

دل میرا اعتبار...... دل میرا....

آغا:۔ میں تمہاری کے ساتھ گویا بھی بن گیا

گھر میں تیرے قرار کبھی ہے کبھی نہیں ۔ ظالم کو...

دونوں:۔ دل میرا اعتبار...... دل میرا....

گانا نمبر ۵:۔ آگ لگی شعلہ اُٹھا ۔ شمع پہ پروانہ گرا **شمشاد**

پوچھ نہ انجام ذرا ۔ یہ بھی جلی وہ بھی جلا ۔ آگ لگی ۔ ہائے آگ لگی

کاٹ کے صیاد نے پر ۔ سونپ دیا دردِ جگر

اُس پہ یہ تاکید مگر ۔ آہ نہ بھر نالے نہ کر

عشق نے کیا دیکھ لیا یہ بھی جلی وہ بھی جلا ۔ آگ لگی ۔ ہائے آگ لگی

دل کی تڑپ دل میں رہے ۔ سب کی سنے کچھ نہ کہے

درد سہے ظلم سہے ۔ اشک نہ آنکھوں سے بہے

یہ ہے محبت کا مزا یہ بھی جلی وہ بھی جلا ۔ آگ لگی ۔ ہائے آگ لگی

بجلیاں گلشن پہ گریں ۔ پھول کہیں بھونرا کہیں

خواب تھا یہ کتنا حسیں آج ہوا ہم کو یقیں

پیار کا انجام بُرا یہ بھی جلی وہ بھی جلا ۔ آگ لگی ۔ ہائے آگ لگی

گانا نمبر ۶:۔ بلے بلے سب لے بلبل لب لب لالے ۔ لب لالی لے

گالیں عارض گیسو کالے ۔ بلے بلے

آنکھیں کی تیری ہم مستانے ۔ دیکھے ہیں جب سے یہ پیمانے

توڑ دیئے ہیں ہم نے پیالے ۔ ہم نے پیالے ۔ بلے بلے.... گنگوں..

چنچل چتون دھن دھن تارا ۔ دل پہ پکارا ظالم مارا
کون سنے یہ آہ و نالے ۔ آہ و نالے ۔ بلے بلے ۔۔۔ گلگوں ۔۔۔
ابرو ہیں تیرے دو تلواریں ۔ بچ نہ سکیں یہ جس کو ماریں
کہتے پھریں یہ دنیا والے ۔ دنیا والے ۔ بلے بلے ۔۔ گلگوں ۔۔۔۔

گانا نمبر ۔۔ انہیں دل نے پکارا ہے ستارو تم نہ سو جانا
تمہارا ہی سہارا ہے ستارو تم نہ سو جانا ۔ انہیں دل نے ۔۔۔
یہ آنسو کبھی کے اور پھر اپنے ہی دامن پر ۔ قیامت کا نظارہ ہے تمہارا ہی سہارا ہے
ستارو تم نہ سو جانا ۔ انہیں دل نے ۔۔۔
الم نے غم نے گھیرا ہے و اندھیرا ہی اندھیرا ہے
اکیلا دل ہمارا ہے تمہارا ہی سہارا ہے ۔ ستارو تم نہ ۔۔۔
انہیں دل نے ۔۔۔۔ انہیں دل نے ۔۔۔
بھرا تھا درد پہلو میں بھر آئے آنکھ میں آنسو کسی نے پھر پکارا ہے تمہارا ہی سہارا ہے
ستارو تم نہ ۔۔۔۔ انہیں دل نے ۔۔۔

گانا نمبر ۔۔ ہر شام شام غم ہے ہر رات ہے اندھیری
دنیا نہیں ہے کوئی کیا زندگی ہے میری ۔ ہر شام ۔۔۔۔
غم سہتے سہتے غم کی تصویر بن گیا ہوں
جا اے بہار دنیا حالت نہ پوچھ میری ۔ کیا زندگی ہے میری
ہر شام شام غم ۔۔۔
سامان زندگی میں کچھ بھی نہیں بچا ہے
اک درد رہ گیا ہے اور ایک یاد تیری ۔ کیا زندگی ہے میری
ہر شام شام غم ۔۔۔۔

خوشیوں کا ایک دن بھی آیا نہ زندگی میں ۔ ہائے بہار...
ہر شام شام غم ہے..... اپنا نہیں ہے کوئی....

گانا نمبر ۵: کشور:۔ حسین چاند ستاروں کا واسطہ آجا
دھڑکتے دل کے اشاروں کا واسطہ آجا ۔ حسین چاند...

سلیم:۔ مجھے پکارنے والے میں کاش آسکتا ۔ تمہارا سر ترے قدموں پہ گر جھکا سکتا
کشور:۔ تیرے بغیر گلستاں ہے ہرا بیلا نہ ۔ بہار بیچے بہاروں کا واسطہ آجا ۔ حسین چاند...
سلیم:۔ مجھے تلاش بہاروں کی پھر نہیں ہوتی ۔ جگر کے داغ اگر تجھ کو میں دکھا سکتا
کشور:۔ اس اعتبار محبت کی آبرو رکھ لے ۔ غریب دل کی پکار دل کا واسطہ آجا ۔ حسین...
سلیم:۔ تو پکارتا مجھ کو نہ میں تڑپ جاتا ۔ نصیب بچھڑے ہوئے دل اگر ملا سکتا
کشور:۔ نصیب روٹھ گیا ہے تو روٹھ جانے دے ۔ مگر نصیب کے ماروں کا واسطہ آجا ۔ حسین...

گانا نمبر ۶:۔ ایک دن دشت جنوں سے جو ہوا میرا گزر ۔ ناگہاں ایک مسافر پہ پڑی میری نظر
خار تلووں میں چبھے اور خاک تھی سر کے اوپر ۔ حال پوچھا تو لگا کہنے یہ اے مضطر
جا گزر ہو تو میرا سلام کہہ دینا ۔ حضور روضہ خیر الانام کہہ دینا
تجھے بلا کے سرکو لبعد احترام کہہ دینا ۔ جو تو نے دیکھی ہے حالت تمام کہہ دینا
مدینے والے سے میرا سلام کہہ دینا ۔ مدینے والے سے...

زمیں خلاف ہے آسماں مجھ سے ۔ نصیب روٹھ گیا پھر گیا جہاں مجھ سے
اندھیری رات میں بچھڑا ہے کارواں مجھ سے ۔ نہ پوچھ میری تباہی کی داستاں مجھ سے
جو تو نے دیکھی ہے..... مدینے والے سے...

ستم فلک کے کوئی بدنصیب سہتا ہے ۔ کہ دیکھ زخموں سے دن رات خون بہتا ہے
زمین بنکے کلیجے میں درد رہتا ہے ۔ جو اشک گرتا ہے آنکھوں سے یہ ہی کہتا ہے
جو تو نے دیکھی ہے..... مدینے والے سے...

تمہارے شہر میں جب میرا دم نکلتا ہو۔ خدا کا نام ہو لب پر تمہارا کلمہ ہو
نظر کے سامنے میری وہ سبز روضہ ہو۔ دل غریب یہی بار بار کہتا ہو
جو تو نے دیکھی ہے ..... مدینے والے ...

عزیزو جب میرا محبوب خاص کو دینا۔ جمال دیکھ کے خود کو کہیں نہ کھو دینا
نظر کے تار میں گل اشک کے پرو دینا۔ جو نام پوچھیں تو شیشین تبلکے رو دینا
ادب سے چوم کے چوکھٹ پیام کہہ دینا ۔ جو تو نے دیکھی .... مدینے والے ..

طلعت
گانا نمبر ۱۱:۔ سلام تجھ کو اے دنیا اب آخری ہے سلام
چھلکنے والا ہے اب میری زندگی کا جام ۔ اب آخری ...

ہر ایک آنسو بتاتا ہے خون دل کا ہوا۔ ہر ایک آہ سناتی ہے موت کا پیغام ۔ اب آخری ...
ہر ایک ہچکی ہے نشتر ہر ایک سانس ہے تیر۔ ہوا ہے چھپکے ہی چھپکے جگر کا کام تمام ۔ اب ...
ادھر جو شمع جلی تو ادھر پتنگا جلا ہے یہی جلوں کی محبت کا ایک ہی انجام ۔ اب ...
چھلکنے والا ہے ..... اب آخری ...

گانا نمبر ۱۲:۔ رب میرا آئی ہے دکھ بن کر پکار بگڑی بنے میری اے میرے پروردگار
آسماں تیرا ہے اور تیری زمیں ۔ کہتے ہیں سب تجھے کو رب العالمین
جیون دینے والے داتا کر دے جیون دان ۔ بنتی سن لے دین دیال سب کا تو بھگوان
دونوں عالم کا تو ہی ہے کارساز ۔ تیرے آگے ہے میرا دامن دراز
جان لے جان کے بدلے میں تو ۔ میرے ان اشکوں کی رکھ لے آبرو
کر دے حل مشکل کو اے مشکل کشا ۔ دے شفا بیمار غم کو اے خدا
بجھتے دیپک کو جلا دے ۔ تجھ بن بگڑی کون بنائے
آس کا سورج ڈوب نہ جائے ۔ ہاتھ تمہارے لاج ہماری
او گردھاری کرشن مراری ۔ او گردھاری کرشن مراری

لٹ نہ جائے گلستانِ زندگی۔ رحم کر اے باغبانِ زندگی
لُٹ گئے جیبیں تیرے اہل حرم۔ تجھ کو اُس شامِ غریباں کی قسم
تجھ کو اپنی کبریائی کی قسم۔ رحم کر مشکل کشائی کی قسم
ان کھلے بالوں کا تجھ کو واسطہ۔ کربلا والوں کا تجھکو واسطہ
واسطہ تجھ کو حبیب اللہ کا۔ واسطہ تجھ کو کلیم اللہ کا
واسطہ تجھکو غم ایوب کا۔ واسطہ تجھکو تیرے محبوب کا
غم کے کانٹوں کو بنا دے آج پھول۔ یہ دُعا یارب میری کرلے قبول
گرد مصاری بکرشن مراری۔ گرد مصاری کرشن مراری
یہ دُعا یارب میری کرلے قبول۔ کر لے قبول کرلے قبول

ختم شد

صنعت و حرفت کے خزینہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں انمیا بنا بیکے نسخے۔ ہمایون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنیکے طریقے درج ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔

قیمت صرف ۱۰-۱ 3 محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی